نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کا جعلی کھادوں کے مکروہ دھندے کی فروخت میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

محکمہ زراعت حکومت پنجاب جعلی کھادوں میں ملوث عناصر کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر عملدرآمد کر رہا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

30نومبر 2024: وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی ہدایت پر معیاری کھادوں کی دستیابی اور کسانوں کے مفادات کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ زراعت پنجاب نے جعلی کھادوں کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن مزید سخت کر دیا ہے۔صوبے بھر میں مانیٹرنگ کے عمل میں مزید تیزی لاتے ہوئے جعلی کھادوں کے کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد جاری ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق،جعلی کھادوں کے ذریعے کسانوں کا معاشی استحصال کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ صوبہ بھر میں جعلی کھادوں کے مکروہ دھندے میں ملوث افراد کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ اس ضمن میں ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع عبدالحمید کی سربراہی میں کاروائی کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹرز زراعت توسیع وہاڑی نے جعلی کھاد فیکٹری پر چھاپہ مارا اور موقع سے جعلی ڈی اے پی کے 870 بیگز کا خام مال برآمد کیا۔اس کے علاوہ مختلف کمپنیوں کے خالی بیگ و پیکنگ میٹریل قبضہ میں لے لیا گیا۔موقع سے ساڑھے 5 لاکھ روپے مالیت کا جعلی مال قبضہ میں لیکر بطور مال مقدمہ حوالہ پولیس کر دیا گیا۔ملزمان کے خلاف تھانہ صدر وہاڑی میں ایف آئی آر نمبر 2030/24 کا اندراج عمل میں لایا گیا۔اسسٹنٹ فرٹیلائزر کنٹرولر نے موقع سے جعلی کھادوں کے نمونہ جات حاصل کر کے کیمیائی تجزیہ کیلئے لیبارٹری بھجوا دیئے۔تھانہ صدر وہاڑی میں اسسٹنٹ فرٹیلائزر کنٹرولر مظہر کلیم کی مدعیت میں 4 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا جن میں ملزمان میاں محمد نوید،رانا محمد احسن، محبوب علی اور راؤ ہاشم کے نام شامل ہیں۔ان میں سے 2 ملزمان محبوب علی اور راؤ ہاشم کو موقع سے گرفتار کیا گیا

☆☆☆☆